© rasailojaraid.com



# رسید تحائف احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) مجلس ادارت۔

ادارہ پاکستان شناسی کی طرف سے ایک تحفہ، تحفۃ النور ہے، جو حضرت علامہ جمیل احمد نعیمی دامت برکاتہم کے توسط سے ہم تک پہنچا ہے......کتاب کا نام اگرچہ النور ہے لیکن یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ نور و بشر والے مسئلہ پر کوئی نئی کتاب ہے، بلکہ یہ دوقومی نظریہ پر پروفیسر سید محمد سلیمان اشرف بہاری کی تالیف منیف ہے جس کی لوح پہ لکھا ہے کہ..............تحریک خلافت و ترک موالات کے دوران گاندھی کے دجل و فریب کا شکار بعض مسلمان قائدین کی کوتاہ بینی اور اس کے مضمرات پر ایک چشم کشا تالیف ہے جو اسلامیان ہند کے لئے منار نور ثابت ہوئی...........اس کا مقدمہ سید نور محمد قادری نے لکھا ہے اور تکمیل مقدمہ جناب ظہور الدین خان کے ہاتھوں ہوئی ہے......

کتاب کا موضوع علمی و سیاسی ہے، دوقومی نظریہ، اور تحریک ترک موالات پر علمی انداز میں گفتگو کی گئی ہے......لفظ ولا و موالات پر متعدد تفاسیر سے استدلال کیا گیا ہے، غیر مسلموں سے تعلقات، دارالحرب کے بعض احکام کفار سے موالات، مسئلہ خلافت وغیرہ جیسے اہم موضوعات پر نقد و بحث خوب ہے......گاندھی جی کی نمایاں تصویر اور دیگر زعماء ہند کی تصاویر پر مشتمل رنگا رنگ ٹائیٹل کے ساتھ ۲۳۶ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ادارہ پاکستان شناسی لاہور نے شائع کی ہے اور اس کا ہدیہ ۳۰۰ روپے مقرر کیا گیا ہے......

ایک اور ہدیہ ہمیں جناب ڈاکٹر محمد یونس قادری نے عنایت فرمایا ہے جو دو کتابوں پر مشتمل ہے دونوں کا کوئی تعلق فقہ اسلامی سے براہ راست نہیں لیکن ایک کتاب کا تعلق بالواسطہ فقہ سے اور دوسری کا ایک فقیہ سے ہے......اول الذکر کتاب کا نام ہے پاکستان آزادی کا ناتمام سفر، اسے جناب پروفیسر ڈاکٹر منظور الدین احمد صاحب سابق وائس چانسلر جامعہ کراچی کی زیر سرپرستی جناب

☆ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ۸۰ ہجری اور سن وفات ۱۵۰ ہجری ہے۔ ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ڈاکٹر محمد یونس صاحب نے مرتب کیا ہے اس کے ابواب میں ہندوپاک کے بعض فقہاء ومشائخ کا ذکر تذکرہ ہے اور برصغیر پاک وہند میں مسلم معاشرے کے ارتقاء میں ان بزرگان دین کی خدمت کا اعتراف ہے...... جنگ آزادی تا تقسیم بنگال کے باب میں ہندوستان کی مختلف علمی تحریکوں اور ان کے قائدین کی خدمات کا تذکرہ ہے ......تاریخ قیام پاکستان کو تیسرے باب میں منضبط کیا گیا ہے دیگرابواب میں قیام پاکستان کے بعد کے احوال کو قلمبند کیا گیا ہے......آخر میں شیخ زید اسلامک سینٹر کراچی کے سابق چئرمین بورڈ آف گورنرز اور وی سی جامعہ کراچی جناب ڈاکٹر منظور الدین احمد کا ایک انٹرویو شامل ہے......یوں اس کتاب میں بعض فقہاء کی خدمات کا تحریک پاکستان کے حوالے سے خوبصورت تذکرہ موجود ہے......

دوسری کتاب ہندوستان کے ایک نامور فقیہ ومحدث پر لکھی جانے والی تحقیقی کتاب ہے جس کا نام ہی شیخ عبدالحق محدث دہلوی ایک موضوعاتی مطالعہ ہے ......شیخ کتاب ڈاکٹر محمد یونس قادری کا ڈاکٹریٹ کا مقالہ ہے جس پر انہیں شعبہ سیاسیات جامعہ کراچی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری عطا کی گئی......

محقق قادری جواں عزم نوجوان ہیں، انہوں نے پانچ سوصفحات پر مشتمل یہ کتاب شائع کرکے شیخ محقق پر وقیع علمی مواد جمع کردیا ہے...... یہ کتاب شہر کے معروف کتب خانوں پر دستیاب ہے اور لائق مطالعہ ہے......

تیسرا تحفہ ہمیں علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے شہر لاہور سے ہمارے ایک لاہوری دوست جناب شاہد حنیف صاحب نے ارسال کیا ہے......اور یہ حجیت حدیث وعظمت حدیث کے موضوع پر حافظ محمد گوندلوی کی تصنیف ہے جس کا نام ...... دوامِ حدیث ...... رکھا گیا ہے...... کتابیات اکادمی کی جانب سے جناب شاہد حنیف صاحب اور سمیع الرحمٰن صاحب کے توسط سے ملنے والا یہ تحفہ دوجلدوں پر مشتمل ہے اور ہر جلد پانچ سوصفحات سے زاید پر مشتمل ہے ......کتاب علم حدیث پر ہے اور حجیت حدیث کو ثابت کرنا اس کا خاص موضوع ہے......اصول فقہ کے حوالہ سے اس میں ایک مستقل باب شامل ہے جس میں یہ بات واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ اصول فقہ سے دین کس طرح محفوظ ہوگیا......کتاب کی طباعت بڑی ہی عمدہ ہے اور ٹائٹل تو کسی واحہ عربیہ کا ہے......ام القری پبلیکیشنز نے یہ کتاب شائع کی ہے اور کمشنر روڈ فتومنڈ گوجرانوالہ سے اس کی اشاعت عام ہوئی ہے......

> حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے کہ امام مالک اور سفیان بن عیینہ نہ ہوتے تو حجاز سے علم رخصت ہوجاتا۔

© rasailojaraid.com